

"اردو زبان میں اس ندرت، سلاست اور جامعیت و اختصار کے ساتھ کوئی کام کم از کم میری نظر سے نہیں گزرا"

(مولانا ڈاکٹر) عبدالرزاق اسکندر حفظہ اللہ

"گو اس سے قبل بھی سیرت کوئز پر کتب موجود ہیں مگر اس سیرت کوئز میں زیادہ بہتر انداز میں معلومات سیرت جمع کی گئی ہیں۔"

(ڈاکٹر سید عزیز الرحمن صاحب انچارج ریجنل دعوۃ سینٹر کراچی)

# سیرت کوئز

## لیول 1





مرتب: مفتی منیر احمد

استاذ: معہد العلوم الاسلامیۃ (رجسٹرڈ)

فاضل : جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن، کراچی

متصل : جامع مسجد الفلاح بلاک H نارتھ ناظم آباد کراچی

"اردو زبان میں اس ندرت، سلاست اور جامعیت و اختصار کے ساتھ کوئی کام کم از کم میری نظر سے نہیں گزرا"

(مولانا ڈاکٹر) عبدالرزاق اسکندر حفظہ اللہ

"گو اس سے قبل بھی سیرت کورسز پر کتب موجود ہیں مگر اس سیرت کورس میں زیادہ بہتر انداز میں معلومات سیرت جمع کی گئی ہیں۔"

(ڈاکٹر سید عزیز الرحمن صاحب انچارج زیجل دعوۃ سینٹر کراچی)



# سیرت کورس

## لیول 1




مرتب: مفتی منیر احمد

استاذ: معهد العلوم الاسلامية (رجسٹرڈ)

فاضل: جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی

متصل: جامع مسجد الفلاح بلاک H نارتھ ناظم آباد کراچی

{جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں}

◄ کتاب کا نام : سیرت کوئز (لیول 1)
◄ مرتب : مفتی منیر احمد
◄ تاریخ طباعت سوم : ذی القعدہ 1438ھ/اگست 2017ء
◄ ناشر : ادارہ احیاءِ علومِ نبوت
◄ ای میل : maahdpc@gmail.com
◄ ویب سائٹ : muftimuneer.blogspot.com
◄ فیس بک: MuftiMuneerAhmadOfficial
◄ ٹیلی گرام : Mufti Muneer@alfalah

---

## ملنے کا پتہ

دار الکتب

متصل جامع مسجد الفلاح بلاک "H" شمالی ناظم آباد، کراچی

فون نمبر: 0331-2607207 - 0331-2607204

المنیر مرکز تعلیم وتربیت فاؤنڈیشن
MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

# فہرست



| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ☆ | تقریظ | 1 |
| ☆ | کچھ کتاب کے بارے میں | 6 |
| | نبوت سے پہلے کی 40 سالہ زندگی اور پیدائش کے احوال | |
| 1 | خاندانِ نبوت/نسب | 9 |
| 2 | عام الفیل | 10 |
| 3 | تاریخِ پیدائش/ ولادت/ نام | 11 |
| | نبوت سے پہلے کی 40 سالہ زندگی اور بچپن/لڑکپن کے احوال | |
| 4 | رضاعت | 12 |
| 5 | واقعہ شق صدر | 12 |
| 6 | والدہ کا انتقال | 12 |
| 7 | کفالت | 13 |
| 8 | سفرِ شام | 14 |
| 9 | بکریاں چرانا | 14 |



المنیر مرکز تعلیم و تربیت فاؤنڈیشن MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

| | | |
|---|---|---|
| **نبوت سے پہلے کی 40 سالہ زندگی اور جوانی کے احوال** | | |
| 10 | حربِ فجار | 15 |
| 11 | حلف الفضول | 15 |
| 12 | شام کا دوسرا سفر | 16 |
| 13 | نکاح اور اولاد | 16 |
| 14 | کعبہ کی تعمیر/ قصہ تحکیم (جھگڑے کا فیصلہ) | 18 |
| **نبوت کے بعد کی زندگی 13 سالہ مکی دور: بعثت/ دعوت کے مراحل/ ہجرت** | | |
| 15 | تنہائی/ سچے خواب/ بعثت/ آغاز وحی | 19 |
| 16 | خفیہ دعوت: اندرون مکہ 3 سال | 20 |
| 17 | علانیہ دعوت: اندرون مکہ 7 سال | 21 |
| 18 | نتائج دعوت/ کفار کی ایذا رسانی | 21 |
| 19 | نتائج دعوت: پہلی ہجرت حبشہ | 22 |
| 20 | نتائج دعوت: دوسری ہجرت حبشہ | 23 |
| 21 | بائیکاٹ | 23 |
| 22 | عام الحزن | 24 |


المنیر مرکز تعلیم و تربیت فاؤنڈیشن MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

| | | |
|---|---|---|
| 23 | علانیہ دعوت: بیرون مکہ 3 سال | 24 |
| 24 | طائف کا سفر | 24 |
| 25 | جنات کا قبول اسلام | 25 |
| 26 | اسراء ومعراج | 26 |
| 27 | اسلام مدینہ منورہ میں | 27 |
| 28 | بیعت عقبہ: پہلی بیعت | 27 |
| 29 | بیعت عقبہ: دوسری بیعت | 28 |
| 30 | ہجرتِ مدینہ | 29 |
| 31 | دارالندوہ میں مشورہ | 29 |
| 32 | غارِ ثور/قصہ ام معبد وسراقہ/قبا میں آمد | 30 |
| 33 | جمعہ کا قیام | 33 |
| 34 | مدینہ میں داخلہ | 33 |
| | **نبوت کے بعد کی زندگی 10 سالہ مدنی دور** | |
| 35 | داخلی خطرات سے بچنے کے لیے 3 اقدامات | 34 |
| 36 | (1) مسجد نبوی کی تعمیر | 34 |


المنیر مرکز تعلیم وتربیت فاؤنڈیشن (رجسٹرڈ) MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

| | | |
|---|---|---|
| 37 | (2) مواخات کا نظام (3) میثاقِ مدینہ | 35 |
| 38 | خارجی خطرات سے نمٹنے کے لیے غزوات و سرایا | 36 |
| 39 | غزوہ بدر: 2ھ | 36 |
| 40 | غزوہ احد: 3ھ | 37 |
| 41 | غزوہ حمراء الاسد: 3ھ | 38 |
| 42 | غزوہ بنو نضیر: 4ھ | 38 |
| 43 | غزوہ خندق و احزاب: 5ھ | 38 |
| 44 | صلح حدیبیہ: 6ھ | 39 |
| 45 | بادشاہوں کو دعوتی خطوط | 39 |
| 46 | خیبر وغیرہ کے ذریعہ یہودی سازشوں کا خاتمہ: 7ھ | 40 |
| 47 | فتح مکہ: 8ھ | 41 |
| 48 | غزوہ حنین: 8ھ | 42 |
| 49 | غزوہ تبوک: 9ھ | 42 |
| 50 | عام الوفود: 9، 10ھ | 43 |
| 51 | حجۃ الوداع: 10ھ | 43 |
| 52 | سفرِ آخرت | 44 |


MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

Jamia-Uloom-Islamiyyah
(University of Islamic Sciences)
Allama Muhammad Yousuf Banuri Town
Karachi - Pakistan.

جامعۃ العلوم الاسلامیۃ
علامہ محمد یوسف بنوری ٹاؤن
کراچی ۷۴۸۰۰ پاکستان

Ref. No.: ____________

Date: [illegible]

الحمد للہ رب العالمین والصلاۃ والسلام علی سیدنا محمد وعلی آلہ وصحبہ اجمعین،

اما بعد!

[illegible]

[illegible]

وصلی اللہ وسلم علی سیدنا محمد وعلی آلہ وصحبہ اجمعین

والسلام

(مولانا ڈاکٹر) عبدالرزاق اسکندر
مہتمم جامعہ علوم اسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

# تقریظ

## حضرت ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب
## مہتمم جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمدللہ رب العلمین، والصلوۃ والسلام علی سیدنا محمد وعلی آلہ وصحبہ اجمعین۔ امابعد!

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ امت مسلمہ کے لئے اسوۂ حسنہ ہے، جس کی پیروی ایمان کا حصہ ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ کے بغیر ایمان وعمل کی کوئی قابل اعتبار شکل متعین نہیں کی جاسکتی، اس لئے مسلمانوں پر سیرت طیبہ کا مقصود یا وسیلہ کے طور پر جاننا لازم ہے، اسی دینی ضرورت کے تحت ہر دور میں سیرت طیبہ کے موضوع پر مختلف انداز اور منفرد اسلوب میں محنت ہوتی رہی ہے اور الحمدللہ! اب تک یہ سلسلہ جاری ہے۔

زیرنظر کتابچہ ''سیرت کوئز لیول ون'' بھی اسی سلسلہ کی ایک

منفرد اور جامع کڑی ہے، جس میں مؤلف عزیز نے چھوٹے بچوں کے ذہنی مستویٰ کے مطابق سیرت طیبہ کے اہم اہم احوال کو سوال وجواب کے انداز میں تحریر فرمایا ہے، اردو زبان میں اس ندرت، سلاست اور جامعیت واختصار کے ساتھ کوئی کام کم از کم میری نظر سے نہیں گذرا، میری رائے میں اسکول وکالج اور مکاتب کے بچوں کو سیرت طیبہ کی بنیادی معلومات آموختہ کرانے کے لئے ''سیرت کوئز'' کا یہ سلسلہ بہت ہی مفید ثابت ہوگا، مکاتب اور دینی اسکولز کے ذمہ داروں کو میرا مشورہ ہوگا کہ وہ اس اہم سلسلہ سے اپنے نونہالوں کو ضرور مستفید کروائیں اور اپنے نونہالوں کے تازہ اور معصوم دل ودماغ کو سیرت طیبہ سے مشک بار بنانے کے لئے ''سیرت کوئز'' جیسے مضامین کو نصاب کا حصہ بنائیں، تاکہ مسلمان بچوں کا مستقبل ہی نہیں بلکہ دین وایمان کا رشتہ بھی سیرت طیبہ سے استوار رہ سکے۔

اللہ تعالیٰ ہمیں سیرت طیبہ کی اہمیت جاننے اور اسے عملی زندگی میں اپنانے کی سعادت نصیب فرمائیں، آمین!

MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

# تقریظ

## ڈاکٹر سید عزیز الرحمن صاحب

## انچارج ریجنل دعوۃ سینٹر کراچی

**بسم اللہ الرحمن الرحیم**

**نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم۔ امابعد**

بچہ کسی بھی تعلیمی ادارے میں سادہ تختی لے کر آتا ہے، اب یہ اس تعلیمی ادارے کی ذمہ داری ہے کہ بچے کی تختی پر کون سے نقش ثبت کرتا ہے، کس قدر رنج، افسوس، دکھ اور ندامت کا مقام ہے کہ ایک ایسے معاشرے میں جہاں میلاد کی محفلیں بھی عروج پر ہیں اور ذکر نبوی ﷺ کی مجالس بھی مگر کسی بھی تعلیمی ادارے میں اور کسی بھی نصابِ تعلیم میں اگر کوئی ذکر نہیں ہے تو سیرت نبوی ﷺ کا کہیں ذکر نہیں ہے۔

کسی قدر اطمینان کی بات صرف یہ ہے کہ اب اس جانب توجہ کے آثار دکھائی دینے لگے ہیں، اب بچوں کے لیے کتابیں بھی تحریر کی جارہی ہیں اور گاہے گاہے پروگراموں کے انعقاد کی خبریں بھی

سننے کوملتی ہیں تو یہ آغاز ہے مگر اچھا آغاز ہے اور امید افزا بات ہے۔

زیرِ نظر کتابچہ معلومات سیرت کو بچوں تک پہنچانے کی ایک کاوش ہے، گو اس سے قبل بھی سیرت کوئز پر کتب موجود ہیں مگر اس کوئز میں زیادہ بہتر انداز میں معلومات سیرت جمع کی گئی ہیں، اس لیے یہ ایک محمود اور بابرکت کاوش ہے، ایسی کوششیں جاری رہنی چاہئیں، اہلِ فن اور اہلِ تحقیق آگے بڑھیں اور فنِ سیرت کی خدمت سے اپنا دامن معطر کریں اور تعلیمی اداروں کے سربراہان اور اساتذہ کو بھی دعوتِ عام ہے کہ اپنے اپنے ذوق کے مطابق اپنے اپنے دائرہ کار میں فروغِ سیرت کے لیے اپنی خدمات سرانجام دیں کہ اس سے بڑھ کر دین و دنیا کی سعادت سمیٹنے کا اور کوئی آسان راستہ موجود نہیں ہے۔

# کچھ کتاب کے بارے میں

## ● مقاصد

حضور ﷺ کی زندگی کا تعارف

## ● اسلوب وطریقہ کار

- سوال وجواب کا اسلوب اختیار کیا گیا ہے تا کہ معلومات کا حفظ کرنا آسان ہو
- کوشش کی گئی ہے حضور ﷺ کی 63 سالہ زندگی کے ہر اہم واقعے سے متعلق سوالات آجائیں تا کہ کوئی اہم واقعہ مخفی اور نگاہوں سے اوجھل نہ رہے
- سوال وجواب میں تدریج ملحوظ ہے۔

سیرت کوئز کے لیول 1 میں حضور ﷺ کی 63 سالہ زندگی کے ہر اہم واقعہ سے متعلق بنیادی معلومات کا ذکر ہے۔

سیرت کوئز کے لیول 2 میں انہی واقعات کی مزید تفصیلات ہیں۔

سیرت کوئز کے لیول 3 میں انہی عنوانات کے تحت مزید

المنیر مرکز تعلیم وتربیت فاؤنڈیشن MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

سوالات ہیں۔

ایک ہی کتاب میں تمام سوالات کو یکجا اس لیے نہیں کیا گیا تاکہ جسے سیرت سے متعلق بنیادی آگاہی بھی نہیں وہ سوالات کی کثرت کی وجہ سے گھبرا کر بالکل ہی نہ چھوڑ بیٹھے۔

- سیرت کے اہم واقعات کو اجاگر کرنے کے لیے سوالات سے پہلے ان اہم واقعات کو بطور عنوان ذکر کیا گیا ہے تاکہ سیرت کا اجمالی خاکہ بھی ذہن میں رہے۔

## ● درخواست والتجا

- دینی مدارس اور اسکول و کالجز کے حضرات اگر اپنے طلبہ و طالبات کا سیرت کوئز مقابلہ کرائیں۔

جس کا طریقہ کار یہ ہو کہ پہلے سال تمام طلبہ کا سیرت کوئز لیول 1 کا مقابلہ ہو، اس سے تمام طلبہ و طالبات کو سیرت کی بنیادی معلومات یاد ہو جائیں گی۔

پھر آیندہ سالوں میں ابتدائی کلاسوں کا سیرت کوئز لیول 1 اور بقیہ کلاسوں میں لیول 1 اور 2 دونوں کا مقابلہ ہو۔

پھر اس کے بعد یہ ترتیب ہو جائے کہ ابتدائی کلاسوں میں لیول 1 کا مقابلہ ہو اس سے اوپر کی کلاسوں میں لیول 1 اور 2 کا مقابلہ ہو اس سے اوپر کی کلاسوں میں لیول 1، 2 اور 3 کا مقابلہ ہو۔ اور مقابلے میں نمایاں کامیابی حاصل کرنے والے طلبہ/ طالبات کی حوصلہ افزائی کے لیے انعامات بھی دیے جائیں۔

- **مصادر و مراجع:**
- ''سیرت مصطفیٰ''

از حضرت علامہ مولانا محمد ادریس کاندھلویؒ

- ''سیرت النبیؐ''

از علامہ شبلی نعمانیؒ و علامہ سید سلیمان ندویؒ

- ''سبل الہدیٰ والرشاد فی سیرۃ خیر العبادؐ''

از محمد بن یوسف الصالحی الشامی

(مفتی) منیر احمد

المنیر مرکز تعلیم و تربیت فاؤنڈیشن MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

سوال نمبر 1: حضور اکرم ﷺ کی زندگی کا خلاصہ کیا ہے؟

جواب: حضور اکرم ﷺ کی زندگی کے 2 حصے ہیں:

(1) نبوت سے پہلے کی 40 سالہ زندگی (یعنی آپ کی ولادت، بچپن، لڑکپن، جوانی)

(2) نبوت کے بعد کی 23 سالہ زندگی (یعنی 13 سالہ مکی زندگی، 10 سالہ مدنی زندگی)

المنیر مرکز تعلیم و تربیت فاؤنڈیشن MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

# نبوت سے پہلے کی 40 سالہ زندگی اور پیدائش کے احوال

## ● خاندان نبوت/نسب

سوال نمبر 2: حضور ﷺ کے والد محترم کا نام کیا تھا؟

جواب: حضرت عبداللہ۔

سوال نمبر 3: حضور ﷺ کی والدہ محترمہ کا نام کیا تھا؟

جواب: حضرت آمنہ۔

سوال نمبر 4: کیا آپ حضور اکرم ﷺ کا نسب جانتے ہیں؟

جواب: مُحَمَّد بن عَبْدُاللہ بن عَبْدُالْمُطَّلِب بن ھَاشِم بن عَبْدِمَنَاف بن قُصَی بن کِلَاب

سوال نمبر 5: حضور اکرم ﷺ کا تعلق کس خاندان سے تھا؟

جواب: خاندان قریش سے۔

سوال نمبر 6: حضور ﷺ کے کل کتنے چچا اور کتنی پھوپھیاں تھیں؟

جواب: 9 چچا اور 6 پھوپھیاں تھیں۔

سوال نمبر 7: حضور ﷺ کے چچاؤں اور کتنی پھوپھیوں نے اسلام قبول کیا؟

جواب: 2 چچا حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ اور حضرت عباس رضی اللہ عنہ اور 1 پھوپھی حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا نے اسلام قبول کیا۔

## ● عام الفیل

سوال نمبر 8: حضور ﷺ کی ولادت کے سال کو کون سا سال کہا جاتا ہے؟

جواب: عام الفیل کہا جاتا ہے۔

سوال نمبر 9: عام الفیل کے کیا معنیٰ ہے؟

جواب: ہاتھی کا سال، اسی سال ابرہہ ہاتھیوں کے لشکر کے ساتھ کعبہ کو گرانے کے لیے آیا تھا، اسی لیے اس کو عام الفیل کہا جاتا ہے۔

المنیر مرکز تعلیم وتربیت فاؤنڈیشن MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

**سوال نمبر 10:** واقعۂ فیل اور حضور ﷺ کی ولادت کے درمیان کتنی مدت گزری؟

**جواب:** 55 راتیں۔

## ● تاریخ پیدائش/ ولادت/ نام ونسب

**سوال نمبر 11:** حضور ﷺ کی ولادت کس مہینے میں ہوئی؟

**جواب:** ربیع الاول میں۔

**سوال نمبر 12:** حضور اکرم ﷺ کی ولادت ربیع الاول کی کس تاریخ کو ہوئی؟

**جواب:** مشہور یہ ہے کہ 12 ربیع الاول۔

**سوال نمبر 13:** حضور ﷺ کے 6 مشہور نام کیا ہیں؟

**جواب:** مُحَمَّدٌ، اَحْمَدُ، خَاتِمٌ، حَاشِرٌ، عَاقِبٌ، مَاحِیٌ

**سوال نمبر 14:** حضور ﷺ کی کنیت کیا ہے؟

**جواب:** ابوالقاسم، ابوابراہیم۔

المنیر مرکز تعلیم وتربیت فاؤنڈیشن MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

# نبوت سے پہلے کی 40 سالہ زندگی اور بچپن، لڑکپن کے احوال

## ● رضاعت

سوال نمبر 15: حضور ﷺ کو سب سے پہلے کس نے دودھ پلایا؟

جواب: آپ کی والدہ ماجدہ حضرت آمنہ نے۔

سوال نمبر 16: حضور ﷺ کو اپنے ہاں دودھ پلانے کے لیے کون لے گئیں؟

جواب: حضرت حلیمہ سعدیہ ؓ۔

سوال نمبر 17: حضور ﷺ اپنی رضاعی ماں حضرت حلیمہ سعدیہ ؓ کے پاس کتنے سال رہے؟

جواب: 4 سال۔

## ● واقعہ شق صدر / والدہ کا انتقال

سوال نمبر 18: شَقِّ صَدر کسے کہتے ہیں اور یہ کتنی مرتبہ ہوا؟

جواب: فرشتوں نے حضور ﷺ کا سینہ چاک کیا، اس کو شق صدر کہا جاتا ہے اور یہ کل 4 مرتبہ ہوا۔

المنیر مرکز تعلیم و تربیت فاؤنڈیشن MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

سوال نمبر 19: سینہ چاک کرنے کے لیے حضور ﷺ کے پاس کون سے فرشتے آئے تھے؟

جواب: حضرت جبرئیلؑ اور حضرت میکائیلؑ۔

سوال نمبر 20: حضور ﷺ کی عمر 6 سال کی ہوئی تو کس کا انتقال ہوا؟

جواب: آپ کی والدہ حضرت آمنہ کا۔

## ● کفالت

سوال نمبر 21: حضرت آمنہ کے انتقال کے بعد حضور ﷺ کی کس نے پرورش کی؟

جواب: دادا عبدالمطلب نے۔

سوال نمبر 22: حضرت عبدالمطلب نے وفات کے وقت حضور ﷺ کو کس کے حوالے کیا؟

جواب: ابوطالب کے جو آپ ﷺ کے چچا ہیں۔

سوال نمبر 23: حضرت عبدالمطلب کی وفات کے وقت حضور ﷺ کی عمر کتنی تھی؟

جواب: 8 سال۔

سوال نمبر 24: ابوطالب کی وفات کے وقت حضور ﷺ کی عمر شریف کیا تھی؟

جواب: 50 سال۔

MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

## ● سفرِ شام

سوال نمبر 25: حضور ﷺ نے ملک شام کے کتنے سفر کیے؟

جواب: 2 سفر۔

## ● بکریاں چرانا

سوال نمبر 26: حضور ﷺ نے جوانی کے ابتدائی سالوں میں کون کون سی معاشی سرگرمیاں اختیار کیں؟

جواب: پہلے اہلِ مکہ کی بکریاں چرائیں پھر تجارت کی۔

سوال نمبر 27: حضور ﷺ کے علاوہ کیا دیگر انبیاء علیہم السلام نے بھی بکریاں چرائیں ہیں؟

جواب: جی ہاں! تقریباً تمام انبیاءؑ نے بکریاں چرائیں ہیں۔

سوال نمبر 28: حضرت ابو طالب جب حضور ﷺ کو ملک شام لے کر گئے تو اس وقت حضور ﷺ کی عمر مبارک کیا تھی؟

جواب: 12 سال۔

المنیر مرکز تعلیم و تربیت فاؤنڈیشن MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

# نبوت سے پہلے کی 40 سالہ زندگی اور جوانی کے احوال

## ● حربِ فجار

سوال نمبر 29: جنگِ فِجَار کسے کہتے ہیں اور جنگِ فِجَار کے وقت حضور ﷺ کی عمر کیا تھی؟

جواب: جو مشہور معرکہ قریش اور بنی قیس کے درمیان پیش آیا اُسے جنگِ فِجَار کہتے ہیں اور اس وقت حضور ﷺ کی عمر 14 سال تھی۔

## ● حلف الفضول

سوال نمبر 30: حَلْفُ الْفُضُول کسے کہتے ہیں اور کیا حَلْفُ الْفُضُول (معاہدہ) میں حضور ﷺ نے بھی شرکت کی؟

جواب: ہر ایک مظلوم کی (خواہ وہ اپنا ہو یا پرایا، دیسی ہو یا پردیسی) مدد کرنے کا جو معاہدہ ہوا تھا اسے حَلْفُ الْفُضُول کہتے ہیں اور حضور ﷺ نے بھی اس میں شرکت فرمائی۔

المنیر مرکز تعلیم و تربیت فاؤنڈیشن MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

## ● شام کا دوسرا سفر

سوال نمبر 31: حضور ﷺ جب حضرت خدیجہؓ کا سامان تجارت لے کر دوسری مرتبہ ملک شام گئے تو کس راہب سے ملاقات ہوئی؟

جواب: نَسطُورَا سے۔

## ● نکاح اور اولاد

سوال نمبر 32: حضور ﷺ کی کل کتنی ازواج (بیویاں) تھیں؟

جواب: کل 11 تھیں۔

سوال نمبر 33: حضور ﷺ کی ازواج کے نام کیا تھے؟

جواب: (1) حضرت خدیجہؓ بنت خویلد (2) حضرت سودہؓ بنت زمعہ (3) حضرت عائشہؓ بنت ابی بکر (4) حضرت حفصہؓ بنت عمر (5) حضرت زینبؓ بنت خزیمہ (6) حضرت ام سلمہؓ بنت ابی امیہ (7) حضرت زینبؓ بنت جحش (8) حضرت جویریہؓ بنت حارث (9) حضرت ام حبیبہؓ بنت ابی سفیان (10) حضرت صفیہؓ بنت حی (11) حضرت میمونہؓ بنت حارث

سوال نمبر 34: حضور ﷺ کا نکاح حضرت خدیجہؓ سے کس کی سرپرستی میں ہوا؟

جواب: ابوطالب کی۔

المنیر مرکز تعلیم و تربیت فاؤنڈیشن MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

سوال نمبر 35: حضرت خدیجہؓ سے نکاح کے وقت آپ ﷺ کی عمر شریف کیا تھی؟

جواب: 25 سال۔

سوال نمبر 36: حضور ﷺ کی کل کتنی اولاد تھیں؟

جواب: 7 تھیں جن میں 3 بیٹے اور 4 بیٹیاں تھیں۔

سوال نمبر 37: حضور ﷺ کے پہلے بیٹے کا نام کیا تھا؟

جواب: قاسم۔

سوال نمبر 38: حضور ﷺ کے دوسرے بیٹے کا نام کیا تھا؟

جواب: عبداللہ، انہی کا لقب طیب و طاہر تھا۔

سوال نمبر 39: حضور ﷺ کے تیسرے بیٹے کا نام کیا تھا؟

جواب: حضرت ابراہیم۔

سوال نمبر 40: حضور ﷺ کی پہلی بیٹی کا نام کیا تھا؟

جواب: حضرت زینبؓ۔

سوال نمبر 41: حضور ﷺ کی دوسری بیٹی کا نام کیا تھا؟

جواب: حضرت رقیہؓ۔

سوال نمبر 42: حضور ﷺ کی تیسری بیٹی کا نام کیا تھا؟

جواب: حضرت ام کلثومؓ۔

المنیر مرکز تعلیم و تربیت فاؤنڈیشن MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

سوال نمبر 43: حضور ﷺ کی چوتھی بیٹی کا نام کیا تھا؟

جواب: حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا۔

سوال نمبر 44: حضور ﷺ کی اولاد کن بیویوں سے تھیں؟

جواب: ایک بیٹے حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ حضرت ماریہ قبطیہ رضی اللہ عنہا سے بقیہ تمام اولاد حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا سے تھیں۔

## ● کعبہ کی تعمیر/قصۂ تحکیم (جھگڑے کا فیصلہ)

سوال نمبر 45: قریش نے جب کعبہ کی تعمیر کی تو کیا حضور ﷺ نے بھی اس تعمیر میں حصہ لیا؟

جواب: جی۔ حضور ﷺ نے بھی حصہ لیا۔

سوال نمبر 46: حجرِ اسود کو اپنی جگہ رکھنے کے سلسلہ میں قریش کے درمیان جو جھگڑا ہوا، حضور ﷺ نے اس جھگڑے کا فیصلہ کس طرح کیا؟

جواب: آپ ﷺ نے ایک چادر پر حجر اسود رکھا اور ہر قبیلہ کے سرداروں سے کہا کہ اس چادر کا ایک ایک کنارہ پکڑ لیں اور سب مل کر اس کو اٹھائیں۔

المنیر مرکز تعلیم و تربیت فاؤنڈیشن (رجسٹرڈ) MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

# نبوت کے بعد کی زندگی 13 سالہ مکی دور:

# بعثت، دعوت کے مراحل، ہجرت

## ● تنہائی/ سچے خواب/ بعثت/ آغاز وحی

سوال نمبر 47: نبوت ملنے سے پہلے حضور ﷺ کہاں جا کر تنہا بیٹھا کرتے تھے؟

جواب: غارِ حرا میں۔

سوال نمبر 48: غارِ حرا میں حضور ﷺ کیا کرتے تھے؟

جواب: اللہ کا ذکر اور اس کی قدرت میں غور و فکر فرماتے تھے۔

سوال نمبر 49: جس وقت حضور ﷺ کو نبوت عطا کی گئی اس وقت حضور ﷺ کی عمر مبارک کتنی تھی؟

جواب: 40 سال۔

سوال نمبر 50: حضور ﷺ کو کس مہینہ میں نبوت دی گئی؟

جواب: ماہِ رمضان میں۔

سوال نمبر 51: سب سے پہلی وحی کیا ہے؟

جواب: سورۂ علق کی ابتدائی 5 آیتیں:

المنیر مرکز تعلیم و تربیت فاؤنڈیشن MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

اِقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّکَ الَّذِیْ خَلَقَ o خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ o اِقْرَأْ وَرَبُّکَ الْاَکْرَم o الَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ o عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَالَمْ یَعْلَمْ o

سوال نمبر 52: پہلی وحی کے بعد حضرت خدیجہؓ نے حضور ﷺ کو کن الفاظ میں تسلی دی؟

جواب: آپ رشتہ داروں پر شفقت کرتے ہیں، سچ بولتے ہیں، بیواؤں، یتیموں اور بے کسوں کی مدد کرتے ہیں، مصیبت زدوں سے ہمدردی کرتے ہیں، مہمان نوازی کرتے ہیں، اللہ آپ کو کبھی ضائع نہیں کرے گا۔

## ● خفیہ دعوت: اندرون مکہ 3 سال

سوال نمبر 53: حضور ﷺ کی تبلیغ سے پہلے دن کون کون مسلمان ہوئے؟

جواب: حضرت خدیجہؓ، حضرت علیؓ، حضرت زید بن حارثہؓ اور حضرت ابوبکرؓ۔

سوال نمبر 54: حضرت ابوبکرؓ کی تبلیغ سے شروع شروع میں کون سے مشہور افراد مسلمان ہوئے؟

المنیر مرکز تعلیم و تربیت فاؤنڈیشن MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

جواب: حضرت عثمان غنیؓ، حضرت زبیرؓ، حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ، حضرت طلحہؓ، حضرت سعد بن ابی وقاصؓ۔

## ● علانیہ دعوت: اندرون مکہ 7 سال

سوال نمبر 55: قریبی رشتہ داروں کو سمجھانے کا حکم حضور ﷺ کو کس آیت میں دیا گیا؟

جواب: ''آپ اپنے قریبی رشتہ داروں کو ڈرایئے''

(سورۃ شعراء:215)

سوال نمبر 56: حضرت جبرئیل علیہ السلام حضور ﷺ کی خدمت میں کس کی شکل میں آتے تھے؟

جواب: حضرت دحیہ کلبیؓ کی شکل میں۔

## ● نتائج دعوت/کفار کی ایذارسانی

سوال نمبر 57: جب حضور ﷺ نے علانیہ تبلیغ شروع کی تو کس بدبخت نے آپ کی طرف پہلا پتھر پھینکا تھا؟

جواب: آپ کے چچا ابولہب نے۔

سوال نمبر 58: کعبہ میں نماز کی حالت میں حضور ﷺ پر کس نے اونٹنی کی سڑی ہوئی بچہ دانی ڈالی تھی؟

MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

جواب: عقبہ بن ابی معیط نے۔

سوال نمبر 59: اونٹنی کی سڑی ہوئی بچہ دانی ڈالنے کا مشورہ کس نے دیا تھا؟

جواب: ابو جہل نے۔

سوال نمبر 60: جب آپ ﷺ سجدے میں تھے تو کس بد بخت نے حضور ﷺ کی گردن مبارک میں چادر ڈال کر کھینچا تھا؟

جواب: عقبہ بن ابی معیط نے۔

سوال نمبر 61: حضور ﷺ جب حرم میں قرآن پڑھتے تو مشرکین کس طرح تکلیف پہنچاتے تھے؟

جواب: پریشان کرتے، تالیاں پیٹتے اور سیٹیاں بجاتے۔

## ● نتائج دعوت/ پہلی ہجرت حبشہ (رجب 5 نبوی)

سوال نمبر 62: صحابہ کرام ؓ نے سب سے پہلی ہجرت کس ملک کی طرف کی؟

جواب: ملک حبشہ کی طرف۔

سوال نمبر 63: حبشہ کی پہلی ہجرت میں کتنے صحابہ اور صحابیات تھے؟

جواب: 11 صحابہ اور 4 صحابیات۔

المنیر مرکز تعلیم و تربیت فاؤنڈیشن MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

سوال نمبر 64: حبشہ کی پہلی ہجرت میں حضور ﷺ کی کون سی بیٹی اور داماد تھے؟

جواب: حضرت عثمانؓ اور حضرت رقیہؓ۔

## ● نتائج دعوت/ دوسری ہجرت حبشہ (6 نبوی)

سوال نمبر 65: حبشہ کی دوسری ہجرت میں کتنے صحابی اور صحابیات تھیں؟

جواب: 83 صحابہ تھے اور 19 صحابیات تھیں۔

سوال نمبر 66: حضور ﷺ نے حبشہ کے بادشاہ نجاشی کو کس سن ہجری میں اسلام کی دعوت دی؟

جواب: سن 6 ہجری میں۔

## ● بائیکاٹ (7،8،9 نبوی)

سوال نمبر 67: مشرکوں نے حضور ﷺ کے اور آپ کے خاندان کا بائیکاٹ کیا تو یہ سب کہاں چلے گئے؟

جواب: شعبِ ابی طالب (محصّب) میں۔

المنیر مرکز تعلیم و تربیت فاؤنڈیشن MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

سوال نمبر 68: حضور ﷺ اپنے خاندان کے لوگوں کے ساتھ کتنے سال تک شعب ابی طالب میں رہے؟

جواب: 3 سال تک۔

## ● عامُ الحزن

سوال نمبر 69: حضرت خدیجہؓ کی وفات کے بعد حضور ﷺ نے کن سے نکاح فرمایا؟

جواب: حضرت سودہؓ سے۔

## ● علانیہ دعوت: بیرون مکہ 3 سال

### ● طائف کا سفر (10 نبوی)

سوال نمبر 70: نبی کریم ﷺ کس شہر والوں کو دعوت دینے کے لیے مکہ سے باہر تشریف لے گئے؟

جواب: طائف والوں کو دعوت اسلام دینے طائف شہر تشریف لے گئے۔

سوال نمبر 71: طائف کے سرداروں نے نبی کریم ﷺ کے ساتھ کیا سلوک کیا؟

المنیر مرکز تعلیم و تربیت فاؤنڈیشن MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

جواب: دعوت کا انکار کیا اور بدمعاش لڑکوں کو آپ ﷺ کے پیچھے لگا دیا۔

سوال نمبر 72: طائف سے واپسی پر دو فرشتوں نے حضور ﷺ سے کیا کہا؟

جواب: اجازت چاہی کہ بنی ثقیف کو 2 پہاڑوں کے درمیان کچل دیا جائے۔

سوال نمبر 73: حضور ﷺ نے طائف سے واپسی پر فرشتوں کی اس پیش کش کا کیا جواب دیا؟

جواب: فرشتوں کو منع کر دیا اور فرمایا: اللہ تعالیٰ ان کی اولاد میں ضرور ایسے لوگ پیدا فرمائے گا جو اللہ عزوجل کی عبادت کریں گے۔

## ● جنات کا قبول اسلام

سوال نمبر 74: ترکی کے علاقہ نَصِیبِین کے 7 جنوں کی جماعت نے نبی کریم ﷺ سے کس مقام پر ملاقات کی؟

جواب: وادیٔ نَخلَہ میں۔

سوال نمبر 75: پیارے نبی ﷺ مقام نخلہ میں کس سورت کی تلاوت

فرما رہے تھے؟

جواب: سورۂ رحمٰن کی۔

سوال نمبر 76: پیارے نبی ﷺ کی زبان مبارک سے تلاوت قرآن سن کر جنوں پر کیا اثر ہوا؟

جواب: جنات مسلمان ہو گئے۔

## ● اسراء و معراج (11 نبوی)

سوال نمبر 77: معراج کسے کہتے ہیں؟

جواب: حضور ﷺ مکہ سے بیت المقدس تک اور وہاں سے ساتویں آسمان اور سدرۃ المنتہیٰ پر جو تشریف لے گئے اس واقعہ کو معراج کہتے ہیں۔

سوال نمبر 78: معراج کا واقعہ قرآن مجید کی کس سورت میں ہے؟

جواب: سورۂ نجم میں اور سورۂ بنی اسرائیل کی پہلی آیت میں ہے۔

سوال نمبر 79: حضور ﷺ نے جس سواری پر سوار ہو کر معراج کا سفر فرمایا اس کو کیا کہتے ہیں؟

جواب: بُرّاق۔

MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

سوال نمبر 80: ابتداء اسلام میں کتنی نمازیں تھیں؟

جواب: 2 نمازیں۔

سوال نمبر 81: اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے دن اور رات میں کتنی نمازیں فرض کیں؟

جواب: 50 نمازیں۔

- **اسلام مدینہ منورہ میں (11 نبوی)**
- **بیعت عقبہ/پہلی بیعت (12 نبوی)**

سوال نمبر 82: خزرج کے ان 6 آدمیوں کے نام کیا ہیں جنہوں نے سنہ 11 نبوی میں آپ ﷺ سے عقبہ میں ملاقات کی؟

جواب: (1) اسعدؓ بن زُرراہ (2) عوفؓ بن حارث
(3) رافعؓ بن مالک (4) قطبہؓ بن عامر
(5) عقبہؓ بن عامر (6) جابرؓ بن عبداللہ۔

سوال نمبر 83: خزرج کے یہ 6 آدمی کیا اسلام کی دولت سے سرفراز ہو گئے تھے؟

جواب: جی ہاں۔

سوال نمبر 84: عقبہ میں حضور ﷺ کے ہاتھ پر بیعت کب ہوئی؟

MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

جواب: 12 سنہ نبوی میں ہوئی۔

سوال نمبر 85: 12 سنہ نبوی میں مدینہ منورہ سے کتنے لوگ حضور ﷺ کی خدمت میں آئے؟

جواب: 12 لوگ۔

سوال نمبر 86: 12 سنہ نبوی میں مدینہ منورہ سے جو 12 حضرات آئے انہوں نے کب اور کہاں حضور ﷺ سے ملاقات کی؟

جواب: رات کے وقت منیٰ کے قریب مقامِ عقبہ میں ملاقات کی۔

## ● بیعت عقبہ/ دوسری بیعت (13 نبوی)

سوال نمبر 87: 13 سنہ نبوی میں مدینہ منورہ سے کتنے لوگ حضور ﷺ کی خدمت میں آئے اور اس میں کتنے مرد اور کتنی عورتیں تھیں؟

جواب: 74 سے زیادہ تھے جن میں 2 عورتیں تھیں۔

سوال نمبر 88: دوسری بیعت کے لیے آنے والوں میں سے حضور ﷺ نے کتنے نقیب (نگران) مقرر فرمائے؟

جواب: 12 نگران مقرر فرمائے۔

المنیر مرکز تعلیم و تربیت فاؤنڈیشن MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

سوال نمبر 89: حضور ﷺ نے جن 12 نقیبوں کو بیعت عقبہ ثانی میں منتخب فرمایا اُن سے کیا فرمایا؟

جواب: حضور ﷺ نے فرمایا، تم لوگ اپنی قوم کی تعلیم و تعلم کے ذمہ دار ہو جیسا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حواری ذمہ دار تھے۔

## ● ہجرت مدینہ

سوال نمبر 90: صحابہ کرامؓ کی ہجرت کے آغاز اور حضور ﷺ کی ہجرت کے درمیان کتنی مدت گزری؟

جواب: تقریباً ڈھائی ماہ۔

## ● دارالندوہ میں مشورہ

سوال نمبر 91: دارالندوہ میں ابو جہل نے حضور ﷺ کے بارے میں کیا رائے دی؟

جواب: قریش کے ہر ہر قبیلہ کا ایک ایک شخص ایک ساتھ ان پر حملہ کر دے۔

سوال نمبر 92: حضور اکرم ﷺ کے قتل کا فیصلہ جو دارالندوہ میں ہوا اس کی اطلاع حضور ﷺ کو کس نے دی؟

MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

جواب: حضرت جبرئیل امین علیہ السلام نے۔

سوال نمبر 93: ہجرت کی رات جب کافروں نے حضور ﷺ کے مکان کا محاصرہ کیا تو آپ کیسے باہر نکلے؟

جواب: حضور ﷺ نے مٹی ہاتھ میں لی اور سورہ یٰس کی شروع کی آیتیں پڑھ کر اس پر پھونکا اور وہ مٹی ان پر پھینک دی؟

سوال نمبر 94: ہجرت کی رات حضور ﷺ نے اپنے بستر پر کس کو سونے کا حکم دیا؟

جواب: حضرت علیؓ کو۔

## ● غارِ ثور/ قصۂ ام معبد و سراقہ/ قبا میں آمد

سوال نمبر 95: حضور ﷺ اور حضرت ابو بکرؓ کتنے دن تک غارِ ثور میں رہے؟

جواب: تین دن۔

سوال نمبر 96: غارِ ثور میں قیام کے دوران کون رات کی تاریکی میں کھانا دے جاتی تھیں؟

جواب: حضرت اسماءؓ بنت ابی بکرؓ۔

المنیر مرکز تعلیم و تربیت فاؤنڈیشن MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

سوال نمبر 97: غارِ ثور میں قیام کے دوران مکہ والوں کے حالات کی اطلاع کون سناتے تھے؟

جواب: حضرت ابوبکرؓ کے بیٹے حضرت عبداللہ۔

سوال نمبر 98: غارِ ثور میں قیام کے دوران کون بکریوں کا ریوڑ لاتے اور دودھ کا انتظام کرتے؟

جواب: حضرت عامر بن فہیرہؓ۔

سوال نمبر 99: غارِ ثور کے راستہ پر کس نے اپنا جالا تن دیا تھا؟

جواب: مکڑی نے۔

سوال نمبر 100: غارِ ثور کے قیام کے دوران جب مشرکین تعاقب کرتے ہوئے پہنچ گئے تو حضور ﷺ نے حضرت ابوبکرؓ کو کس طرح تسلی دی؟

جواب: لَاتَحۡزَنۡ اِنَّ اللّٰہَ مَعَنَا (غم نہ کرو، اللہ ہمارے ساتھ ہے)

سوال نمبر 101: غارِ ثور سے مدینہ کی طرف ہجرت میں حضور ﷺ کے ساتھ اور کون کون تھے؟

جواب: (1) حضرت ابوبکرؓ (2) عامر بن فہیرہ (3) عبداللہ بن اریقط (اُرقُد)۔

المنیر مرکز تعلیم و تربیت فاؤنڈیشن MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

سوال نمبر 102: ہجرت کے دوران کس راستہ سے حضور ﷺ مدینہ روانہ ہوئے؟

جواب: حضور ﷺ نے عام راستہ چھوڑ کر سمندر کے کنارے کنارے چلنا شروع کیا۔

سوال نمبر 103: غارِ ثور سے نکلنے کے بعد اسی دن حضور ﷺ کا گزر کس کے خیمہ پر ہوا؟

جواب: اُمِّ مَعْبَد کے۔

سوال نمبر 104: ہجرت کے دوران کس نے حضور ﷺ کا پیچھا کیا؟

جواب: سُرَاقَہ رضی اللہ عنہ بن مالک نے۔

سوال نمبر 105: سراقہ بن مالک کی نظر حضور ﷺ پر پڑی تو کیا واقعہ پیش آیا؟

جواب: سراقہ بن مالک کا گھوڑا گھٹنوں تک زمین میں دھنس گیا۔

سوال نمبر 106: ہجرت کے دوران حضور ﷺ کی گرفتاری یا قتل پر قریش نے کیا انعام مقرر کیا تھا؟

جواب: 100 اونٹنیاں۔

سوال نمبر 107: حضور ﷺ غارِ ثور سے نکلنے کے کتنے دن بعد قبا پہنچے؟

المنیر مرکز تعلیم و تربیت فاؤنڈیشن MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

جواب: آٹھویں دن۔

سوال نمبر 108: جس دن حضور ﷺ قباء پہنچے وہ کون سا دن تھا؟

جواب: پیر۔

سوال نمبر 109: قباء میں لوگ جب حضور ﷺ اور حضرت ابو بکرؓ کے درمیان شناخت نہ کر سکے تو حضرت ابو بکرؓ نے کیا کیا؟

جواب: حضرت ابو بکر، حضور ﷺ کے سر مبارک پر چادر کے ذریعہ سایہ کر کے کھڑے ہو گئے۔

سوال نمبر 110: حضور ﷺ نے قباء میں قیام کے دوران کون سا اہم کام کیا؟

جواب: ایک مسجد کی بنیاد رکھی جس کو آج مسجد قباء کہا جاتا ہے۔

## ● جمعہ کا قیام

سوال نمبر 111: حضور ﷺ نے کس محلہ میں جمعہ کی نماز ادا کی؟

جواب: حضور ﷺ نے بنی سالم کے محلہ میں نماز جمعہ ادا کی۔

## ● مدینہ میں داخلہ

سوال نمبر 112: حضور ﷺ کے مدینہ تشریف لانے سے پہلے مدینہ کو کیا کہا جاتا تھا؟

MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

جواب: یَثْرِبْ۔

سوال نمبر 113: مدینہ منورہ کے چند مشہور نام کیا ہیں؟

جواب: (1) طَابَہ (2) دَارُ الابْرَار (3) دَارُ الایْمَان (4) دَارُ السَّلام (5) دَارُ الْفَتْح۔

سوال نمبر 114: حضور ﷺ جب مدینہ تشریف لائے تو اس شہر کا نام کیا ہو گیا؟

جواب: مَدِیْنَۃُ النَّبِی (نبی کا شہر)۔

# نبوت کے بعد کی زندگی 10 سالہ مدنی دور

## ● داخلی خطرات سے نمٹنے کے لیے 3 بنیادی اقدامات:

### ● (1) مسجد نبوی کی تعمیر

سوال نمبر 115: ہجرت کے وقت حضور ﷺ کی اونٹنی مدینہ میں کس کے گھر کے سامنے جا کر بیٹھی تھی؟

جواب: حضرت ابوایوب انصاریؓ کے۔

سوال نمبر 116: ہجرت کے وقت حضور ﷺ کی اونٹنی مدینہ میں جہاں بیٹھی تھی وہاں اب کیا ہے؟

MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

جواب: مسجد نبوی۔

سوال نمبر 117: مسجد نبوی کی جس جگہ کو حضور ﷺ نے خریدا اس کے اصل مالک کون تھے؟

جواب: دو یتیم لڑکے سہل اور سہیل۔

سوال نمبر 118: مسجد نبوی ﷺ کی تعمیر کے وقت کس نے سب سے پہلی اینٹ رکھی؟

جواب: حضور ﷺ نے۔

سوال نمبر 119: مسجد نبوی ﷺ کی تعمیر میں کس کس نے حصہ لیا؟

جواب: مہاجر و انصار صحابہ اور خود نبی کریم ﷺ نے۔

## ● (2) مواخات کا نظام

سوال نمبر 120: حضور ﷺ نے مدینہ منورہ میں مہاجرین و انصار کے درمیان کیا رشتہ قائم فرمایا؟

جواب: مواخات یعنی بھائی چارے کا رشتہ قائم فرمایا۔

## ● (3) میثاقِ مدینہ

سوال نمبر 121: میثاقِ مدینہ کسے کہتے ہیں؟

جواب: حضور ﷺ نے مسلمانوں کو کفار کے فتنہ و فساد سے

المنیر مرکز تعلیم و تربیت فاؤنڈیشن MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

بچانے کے لیے جو تحریری معاہدہ قبائلِ مدینہ سے کیا اسے میثاقِ مدینہ کہتے ہیں۔

## ● خارجی خطرات سے نمٹنے کے لیے غزوات وسرایا

### ● غزوۂ بدر: 2ھ

سوال نمبر 122: تاریخ اسلام کی سب سے پہلی جنگ کا نام کیا ہے؟

جواب: جنگ بدر۔

سوال نمبر 123: حضور ﷺ کس تاریخ کو جنگ بدر کے لیے روانہ ہوئے؟

جواب: 12 رمضان المبارک کو۔

سوال نمبر 124: جنگ بدر میں کتنے مجاہدین شریک تھے؟

جواب: 313۔

سوال نمبر 125: جنگ بدر کے وقت مسلمانوں کے پاس کتنے اونٹ اور گھوڑے تھے؟

جواب: 70 اونٹ اور 2 گھوڑے تھے۔

سوال نمبر 126: غزوۂ بدر میں کتنے مسلمان شہید ہوئے؟

جواب: 14 مسلمان شہید ہوئے۔

المنیر مرکز تعلیم وتربیت فاؤنڈیشن MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

● **غزوۂ احد: 3ھ**

سوال نمبر 127: حضور ﷺ جنگ احد کے لیے کب روانہ ہوئے؟

جواب: 11 شوال جمعہ کے دن۔

سوال نمبر 128: جنگ احد میں مسلمانوں کے لشکر میں کتنے افراد تھے؟

جواب: 700

سوال نمبر 129: جنگ احد میں مسلمانوں کے پاس کتنے اونٹ اور گھوڑے تھے؟

جواب: صرف 2 گھوڑے تھے۔

سوال نمبر 130: غزوۂ احد میں کتنے مسلمان شہید ہوئے؟

جواب: تقریباً 70۔

سوال نمبر 131: جنگ احد میں حضور اکرم ﷺ کی پیشانی کس کے پتھر سے زخمی ہوئی؟

جواب: عبداللہ بن شہاب کے پتھر سے۔

سوال نمبر 132: کس کے پتھر سے حضور اکرم ﷺ کے دانت شہید ہوئے؟

جواب: عتبہ کے پتھر سے۔

● **غزوۂ حمراء الاسد: شوال**

سوال نمبر 133: جنگ احد کے فوری بعد کون سا غزوہ ہوا؟

جواب: غزوہ حَمرَ اء الاسَدُ۔

● **غزوۂ بنو نضیر: 4ھ**

سوال نمبر 134: حضور ﷺ نے بنو نضیر کو جلاوطن کر دیا تو وہ کہاں چلے گئے؟

جواب: خیبر۔

● **غزوۂ خندق/احزاب: 5ھ**

سوال نمبر 135: غزوۂ خندق کا دوسرا نام کیا ہے؟

جواب: غزوۂ احزاب۔

سوال نمبر 136: غزوہ خندق کو غزوۂ خندق کیوں کہا جاتا ہے؟

جواب: اس لیے کہ اس غزوہ میں خندق کھودی گئی تھی۔

سوال نمبر 137: غزوہ خندق میں مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی؟

جواب: 3 ہزار۔

سوال نمبر 138: غزوہ خندق میں کتنے مسلمان شہید ہوئے؟

جواب: 6 مسلمان شہید ہوئے۔

المنیر مرکز تعلیم و تربیت فاؤنڈیشن MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

## ● صلح حدیبیہ: ذوالقعدہ 6ھ

سوال نمبر 139: صلح حدیبیہ کے وقت حضور ﷺ کے ساتھ کون تھا؟

جواب: مہاجرین وانصار کا ایک گروہ۔

سوال نمبر 140: صلح حدیبیہ میں حضور ﷺ کے ساتھ کتنے صحابہ تھے؟

جواب: تقریباً 1500۔

سوال نمبر 141: صلح حدیبیہ کے موقع پر حضور ﷺ کی طرف سے اہل مکہ کی جانب بحیثیت سفیر کون تھے؟

جواب: حضرت عثمانؓ بن عفان۔

## ● بادشاہوں کو دعوتی خطوط

سوال نمبر 142: جب صلح حدیبیہ کا عہد نامہ لکھا گیا تو حضور ﷺ نے صحابہ کرام کو کیا حکم دیا؟

جواب: قربانی کریں اور سر کے بال کاٹ لیں۔

سوال نمبر 143: حضور ﷺ نے قیصر روم کی طرف دعوت اسلام کا خط کس کے ذریعے روانہ کیا؟

جواب: حضرت دحیہ کلبیؓ کے ذریعے۔

سوال نمبر 144: حضور ﷺ نے نجاشی کی طرف دعوت اسلام کا خط کس کے ذریعے روانہ کیا؟

جواب: عمرو بن اُمیہ ضَمری ؓ۔

سوال نمبر 145: حضور ﷺ نے مصر کے بادشاہ مقوقس کی طرف دعوت اسلام کا خط کس کے ذریعے روانہ کیا؟

جواب: حضرت حاطب بن ابی بلتعہ ؓ۔

سوال نمبر 146: مقوقس نے جو خچر آپ ﷺ کی خدمت میں بھیجا تھا اس کا نام کیا تھا؟

جواب: دُلدُل۔

## ● خیبر وغیرہ کے ذریعے یہودی سازشوں کا خاتمہ: 7ھ

سوال نمبر 147: خیبر کے دن حضور ﷺ نے جھنڈا کس کے ہاتھ میں دیا؟

جواب: حضرت علی ؓ۔

سوال نمبر 148: حضور ﷺ نے خیبر کے دن مال غنیمت کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا؟

جواب: 36 حصوں میں تقسیم کیا، 18 حصے مجاہدین میں تقسیم کر دیے۔

المنیر مرکز تعلیم و تربیت فاؤنڈیشن MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

## ● فتح مکہ: 8ھ

**سوال نمبر 149:** فتح مکہ کس سن میں ہوا؟

**جواب:** سن 8 ہجری میں۔

**سوال نمبر 150:** فتح مکہ کس ماہ میں پیش آیا؟

**جواب:** ماہ رمضان میں۔

**سوال نمبر 151:** حضور ﷺ فتح مکہ کے لیے کس دن روانہ ہوئے؟

**جواب:** بدھ کے دن۔

**سوال نمبر 152:** حضور ﷺ فتح مکہ کے موقع پر کس اونٹنی پر سوار تھے؟

**جواب:** قَصْواء۔

**سوال نمبر 153:** فتح مکہ کے موقع پر حضور ﷺ کے ہمراہ کتنے مسلمان تھے؟

**جواب:** 10 ہزار مسلمان۔

**سوال نمبر 154:** فتح مکہ کے موقع پر کتنے مسلمان شہید ہوئے؟

**جواب:** 2۔

**سوال نمبر 155:** فتح مکہ کے دن حضور ﷺ کی طرف سے مکہ میں کیا اعلان کرایا گیا؟

المنیر مرکز تعلیم و تربیت فاؤنڈیشن MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

جواب: یہ اعلان کردیا گیا کہ جو شخص اللہ اور روز قیامت پر ایمان رکھتا ہو وہ اپنے گھر میں کوئی بت توڑے بغیر نہ چھوڑے۔

● غزوۂ حنین: 8ھ

سوال نمبر 156: غزوۂ حنین کس سن ہجری میں پیش آیا؟

جواب: سن 8 ہجری میں۔

سوال نمبر 157: غزوۂ حنین کس ماہ میں پیش آیا؟

جواب: شوال میں۔

سوال نمبر 158: غزوۂ حنین میں مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی؟

جواب: 12 ہزار تھی۔

● غزوۂ تبوک: 9ھ

سوال نمبر 159: غزوۂ تبوک کس سن ہجری میں پیش آیا؟

جواب: سن 9 ہجری میں۔

سوال نمبر 160: غزوۂ تبوک میں مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی؟

جواب: 30 ہزار تھی۔

سوال نمبر 161: غزوۂ تبوک میں مسلمانوں کے پاس کتنے گھوڑے تھے؟

جواب: 10 ہزار۔

المنیر مرکز تعلیم وتربیت فاؤنڈیشن MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

● عام الوفود: 9ھ/ 10ھ

سوال نمبر 162: عام الوفود کا کیا مطلب ہے؟

جواب: وفود کا سال۔

سوال نمبر 163: 9 یا 10 ہجری کو عام الوفود کیوں کہا جاتا ہے؟

جواب: ان سالوں میں حضور ﷺ کے پاس ہر طرف سے وفود آئے۔

سوال نمبر 164: حضور ﷺ کے پاس جو وفود آئے ان کی تعداد کتنی تھی؟

جواب: تقریباً 60 سے کچھ زیادہ تھی۔

● حجۃ الوداع: 10ھ

سوال نمبر 165: حج فرض ہونے کے بعد حضور ﷺ نے کس سن ہجری میں پہلا اور آخری حج ادا فرمایا؟

جواب: سن 10 ہجری میں۔

سوال نمبر 166: حضور ﷺ کے حج کو کون سا حج کہا جاتا ہے؟

جواب: حجۃ الوداع۔

سوال نمبر 167: حجۃ الوداع کے لیے حضور ﷺ کس مہینہ میں مدینہ سے روانہ ہوئے؟

جواب: ذی القعدہ میں۔
سوال نمبر 168: حجۃ الوداع میں حضور ﷺ کے ساتھ کتنے صحابہ تھے؟
جواب: ایک لاکھ 14 ہزار یا اس سے زیادہ۔

## ● سفرِ آخرت

سوال نمبر 169: حضور ﷺ کس تاریخ کو بیمار ہوئے؟
جواب: 19 صفر یا 29 صفر۔
سوال نمبر 170: جس دن حضور ﷺ بیمار ہوئے وہ کون سا دن تھا؟
جواب: بدھ کا دن تھا۔
سوال نمبر 171: حضور ﷺ مرض وفات میں کتنے دن بیمار رہے؟
جواب: 13 دن۔
سوال نمبر 172: حضور ﷺ مرض وفات میں کیا پڑھ کر دم کرتے تھے؟
جواب: سورۂ فلق اور سورۂ ناس۔
سوال نمبر 173: حضور ﷺ بیماری کے زمانہ میں تمام ازواج مطہرات کی اجازت سے کس کے حجرہ میں رہے؟
جواب: حضرت عائشہؓ کے حجرہ میں۔
سوال نمبر 174: حضور ﷺ کی وفات کس دن ہوئی؟
جواب: پیر کے دن۔

سوال نمبر 175: حضور ﷺ کی وفات کی تاریخ کیا ہے؟

جواب: 2 ربیع الاول یا مشہور قول کے مطابق 12 ربیع الاول۔

سوال نمبر 176: حضور ﷺ کے لیے قبر کس نے کھودی؟

جواب: حضرت ابو طلحہؓ نے قبر کھودی۔

سوال نمبر 177: حضور ﷺ کی تدفین کس جگہ ہوئی؟

جواب: حضرت عائشہؓ کے حجرہ میں۔

سوال نمبر 178: وفات کے وقت حضور ﷺ کی عمر مبارک کتنی تھی؟

جواب: 63 برس۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلیٰ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلیٰ اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَ أَهْلِ بَیْتِهٖ و أَتْبَاعِهٖ أَجْمَعِیْنَ وَ عَلَیْنَا مَعَهُمْ

یَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

المنیر مرکز تعلیم وتربیت فاؤنڈیشن MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION

# {مفتی منیر احمد صاحب کی تالیفات ورسائل}

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | فہمِ محرم الحرام کورس | 13 | علمِ دین اور اس کے سیکھنے، سکھانے کا صحیح طریقہ |
| 2 | فہمِ صفر کورس | 14 | حقوقِ مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| 3 | سیرت کوئز لیول 1 | 15 | تواضع اور عاجزی (بچوں کے لیے) |
| 4 | فہمِ شعبان کورس (شبِّ برأت) | 16 | طلاق کے اصول وضوابط |
| 5 | فہمِ زکوٰۃ کورس | 17 | کتابِ زندگی |
| 6 | فہمِ رمضان کورس | 18 | نحو (نقشوں کی شکل میں) |
| 7 | فہمِ حج وعمرہ کورس | 19 | طلاق کے اصول وضوابط |
| 8 | فہمِ قربانی کورس | 20 | سخت بیماریوں، پریشانیوں کا یقینی علاج |
| 9 | فہمِ معیشت وتجارت کورس (غیر مطبوعہ) | 21 | استخارہ (کتابچہ) |
| 10 | فہمِ حلال وحرام کورس | 22 | مسائل حیض واستحاضہ (نقشوں کی مدد سے) |
| 11 | حلال وحرام رشتوں کی پہچان کے رہنما اصول | 23 | مسائل میراث (نقشوں کی مدد سے) |
| 12 | ایمانیات | 24 | حیات المسلمین (سوالاً جواباً) |

المنیر مرکز تعلیم وتربیت فاؤنڈیشن (رجسٹرڈ) MARKAZ TALEEM-O-TARBIYAT FOUNDATION




مولانا مفتی منیر احمد صاحب جامع مسجد الفلاح نارتھ ناظم آباد نے بھی میرے علم کی حد تک قابل قدر مختصر کورسز ترتیب دیئے ہیں اور ان سے عوام کو خوب فائدہ ہو رہا ہے ۔
(مفتی ابولبابہ، ضرب مومن)